روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 4 مئی 2009ء 8 جمادی الاول 1430 ہجری 4 ہجرت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 97

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رکھو قرآن شریف حقیقی برکات کا سرچشمہ اور نجات کا سچا ذریعہ ہے۔ یہ ان لوگوں کی اپنی غلطی ہے جو قرآن شریف پر عمل نہیں کرتے۔ عمل نہ کرنے والوں میں سے ایک گروہ تو وہ ہے جس کو اس پر اعتقاد ہی نہیں۔ اور وہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام ہی نہیں سمجھتے۔ یہ لوگ تو بہت دور پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور نجات کا شفا بخش نسخہ ہے، اگر وہ اس پر عمل نہ کریں تو کس قدر تعجب اور افسوس کی بات ہے۔ ان میں سے بہت سے تو ایسے ہیں جنہوں نے ساری عمر میں کبھی اسے پڑھا ہی نہیں۔ پس ایسے آدمی جو خدا تعالیٰ کے کلام سے ایسے غافل اور لاپرواہیں ان کی ایسی مثال ہے کہ ایک شخص کو معلوم ہے کہ فلاں چشمہ نہایت ہی مصفّٰی اور شیریں اور خنک ہے اور اس کا پانی بہت سی امراض کے واسطے اکسیر اور شفا ہے۔ یہ علم اس کو یقینی ہے لیکن باوجود اس علم کے اور باوجود پیاسا ہونے اور بہت سی امراض میں مبتلا ہونے کے وہ اس کے پاس نہیں جاتا تو یہ اس کی کیسی بدقسمتی اور جہالت ہے۔ اسے تو چاہئے تھا کہ وہ اس چشمہ پر منہ رکھ دیتا اور سیراب ہو کر اس کے لطف اور شفا بخش پانی سے حظ اٹھاتا۔ مگر باوجود علم کے اس سے ویسا ہی دور ہے جیسا کہ ایک بے خبر۔ اور اس وقت تک اس سے دور رہتا ہے جو موت آ کر خاتمہ کر دیتی ہے۔ اس شخص کی حالت بہت ہی عبرت بخش اور نصیحت خیز ہے۔.......... کی حالت اس وقت ایسی ہی ہو رہی ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ ساری ترقیوں اور کامیابیوں کی کلید یہی قرآن شریف ہے جس پر ہم کو عمل کرنا چاہئے۔ مگر نہیں۔ اس کی پرواہ بھی نہیں کی جاتی۔ ایک شخص جو نہایت ہمدردی اور خیر خواہی کے ساتھ اور پھر نری ہمدردی ہی نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے حکم اور ایماء سے اس طرف بلاوے تو اسے کذّاب اور دجّال کہا جاتا ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا قابل رحم حالت اس قوم کی ہوگی...... کو چاہئے تھا اور اب بھی ان کے لئے یہی ضروری ہے کہ وہ اس چشمہ کو عظیم الشان نعمت سمجھیں اور اس کی قدر کریں۔ اس کی قدر یہی ہے کہ اس پر عمل کریں۔ اور پھر دیکھیں کہ خدا تعالیٰ کس طرح ان کی مصیبتوں اور مشکلات کو دور کر دیتا ہے۔ کاش .... سمجھیں اور سوچیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایک نیک راہ پیدا کر دی ہے۔ اور وہ اس پر چل کر فائدہ اٹھائیں۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 141،140)

قرآن کو چھوڑ کر کامیابی ایک ناممکن اور محال امر ہے۔ اور ایسی کامیابی ایک خیالی امر ہے جس کی تلاش میں یہ لوگ لگے ہوئے ہیں۔ صحابہ کے نمونوں کو اپنے سامنے رکھو۔ دیکھو انہوں نے جب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی اور دین کو دنیا پر مقدم کیا تو وہ سب وعدے جو اللہ تعالیٰ نے ان سے کئے تھے پورے ہو گئے۔ ابتداء میں مخالف ہنسی کرتے تھے کہ باہر آزادی سے نکل نہیں سکتے اور بادشاہی کے دعوے کرتے ہیں۔ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں گم ہو کر وہ پایا جو صدیوں سے ان کے حصے میں نہ آیا تھا۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 409)

قرآن شریف کے انوار و برکات اور اس کی تاثیرات ہمیشہ زندہ اور تازہ بتازہ ہیں.......... اور اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنے وقت پر اپنے بندوں کو اس کی حمایت اور تائید کے لئے بھیجتا رہا ہے۔ کیونکہ اس نے وعدہ فرمایا تھا کہ (۔) یعنی بے شک ہم نے ہی اس ذکر (قرآن شریف) کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 450)

تحریری ہدایات

ابو جحیفہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ حضرت علیؓ سے یہ دریافت کیا کہ کیا آپ کے پاس کچھ لکھا ہوا بھی ہے۔ اس پر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ سوائے قرآن شریف کے اور کچھ نہیں ہاں ایک مسلمان کی خداداد عقل ہے جس سے وہ خود سوچ کر اور قیاس کر کے فتویٰ معلوم کر سکتا ہے البتہ میرے پاس یہ ایک لکھا ہوا صحیفہ ضرور موجود ہے۔ میں نے پوچھا اس صحیفہ میں کیا ہے۔ فرمانے لگے کہ اس میں فلاں فلاں مسئلہ کے متعلق چند حدیثیں لکھی ہیں۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب کتابۃ العلم حدیث نمبر:108)

حقیقۃ الوحی کی اہمیت

شوریٰ 2009ء کی سفارش ہے کہ سال 2009ء کے لئے حقیقۃ الوحی کو ساری جماعت بشمول ذیلی تنظیموں کے لئے بطور نصاب مقرر کر دیا جائے اور ہر سہ ماہی میں اس کتاب کے ایک حصہ کا امتحان بھی لیا جائے۔ امید ہے کہ احباب جماعت سکیم کے مطابق حقیقۃ الوحی کے روزانہ 7 صفحات کا مطالعہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہوں گے۔ حقیقۃ الوحی کی اہمیت کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود نے ایک اور موقع پر فرمایا ہے کہ

"میں نے اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں بہت سے ایسے نشان لکھے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ خدا جس کی شناخت اور محبت ہماری عین نجات ہے وہ (دین حق) کے ذریعہ سے ہی ملتا ہے اور (دین حق) ہی ایک ایسا مذہب ہے جو اپنے نشانوں کی چھری سے دہریت کے بھوت کو ذبح کرتا ہے۔ اور ناستک مت کے ہیکل کو توڑتا ہے"

(چشمہ معرفت از روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 313)

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

خالی آسامیاں

❁ مندرجہ ذیل سپیشلسٹ رجسٹرار رزسنگ آسامیوں کی فضل عمر ہسپتال میں فوری ضرورت ہے۔

- ☆ گائنی سپیشلسٹ
- ☆ آئی سپیشلسٹ
- ☆ میڈیکل رگائنی رسرجیکل رجسٹرار میل رفی میل
- ☆ نرسز میل رفی میل
- ☆ ریڈیوگرافر اور لیبارٹری ٹیکنیشن

کوالیفائیڈ خواہشمند خواتین وحضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب رامیر صاحب جماعت کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔ تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ بعض تجربہ کار کوالیفائیڈ حضرات کو کنٹریکٹ پر بھی رکھا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ایڈمنسٹریشن آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ فون نمبر 047-6215646

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

عشق کی آگ

پیٹھ میدانِ وغا میں نہ دکھائے کوئی
منہ پہ یا عشق کا پھر نام نہ لائے کوئی

حسنِ فانی سے نہ دل کاش لگائے کوئی
اپنے ہاتھوں سے نہ خاک اپنی اڑائے کوئی

کون کہتا ہے لگی دل کی بجھائے کوئی
عشق کی آگ مرے دل میں لگائے کوئی

صدمہ درد و غم و ہمّ سے بچائے کوئی
اس گرفتار مصیبت کو چھڑائے کوئی

رہ سے شیطان کو جب تک نہ ہٹائے کوئی
اس کے ملنے کیلئے کس طرح آئے کوئی

دعویٰ حسنِ بیاں ہیچ ہے میں تب جانوں
مجھ سے جو بات نہ بن آئے بنائے کوئی

ہجر کی آگ ہی کیا کم ہے جلانے کو مرے
غیر سے مل کے مرا دل نہ دکھائے کوئی

دیدۂ شوق اسے ڈھونڈ ہی لے گا آخر
لاکھ پردوں میں بھی گو خود کو چھپائے کوئی

گرز و مگدر کے اٹھانے سے بھلا کیا حاصل
خاک آلودہ برادر کو اٹھائے کوئی

خفگی دو چار دنوں کی تو ہوئی پر یہ کیا
سالہا سال مجھے منہ نہ دکھائے کوئی

جرعۂ بادۂ الفت جو کبھی مل جائے
دختِ رز کو نہ کبھی منہ سے لگائے کوئی

تشنگی میری نہ پیالوں سے بجھے گی ہرگز
خم کا خم لے کے مرے منہ سے لگائے کوئی

خلق و تکوینِ جہاں راست، پہ سچ پوچھو تو
بات تب ہے کہ مری بگڑی بنائے کوئی

دے دیا دل تو بھلا شرم رہی کیا باقی
ہم تو جائیں گے بلائے نہ بلائے کوئی

قرب اس کا نہیں پاتا، نہیں پاتا محمودؔ
نفس کو خاک میں جب تک نہ ملائے کوئی

کلام محمود

کتابوں کی رسید

اب کتابیں کیا کسی کو دیجئے
دل میں گرچہ ہوتی ہے خواہش شدید
شکریے کی بات قدسی چھوڑیئے
اب کتابوں کی نہیں ملتی رسید

عبدالکریم قدسی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

حضرت مولوی قدرت اللہ صاحب سنوری رفیق حضرت مسیح موعود کے خودنوشت واقعات

میری پیدائش 1881ء قریباً 1300 ہجری میں ہوئی۔ حافظ شیر محمد صاحب نے میرے دادا صاحب کی درخواست پر میرا نام قدرت اللہ تجویز فرمایا۔ میرے غیر حقیقی دادا مولوی محمد یوسف صاحب تھے۔ انہوں نے 1880ء میں چچا عبداللہ صاحب کو جو ان کے حقیقی بھانجے تھے یہ بتایا کہ تم ہمیشہ کسی پیر کی بیعت کرنے کی درخواست کرتے رہتے ہو مجھے اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ زمانہ کا امام قادیان میں پیدا ہوگیا ہے۔ انہوں نے دریافت کیا کہ قادیان کہاں ہے؟ اور ایک عرصہ تک قادیان کا پتہ چلاتے رہے۔ کچھ عرصہ کے بعد مولوی محمد یوسف صاحب نے بتایا کہ میں لاہور کے ایک اخبار سے پٹیالہ میں ایک مضمون پڑھ کر آیا ہوں۔ وہ مضمون آریوں کے خلاف مرزا غلام احمد صاحب کا ہے اور وہ قادیان گورداسپور کے رہنے والے ہیں۔ اس کے بعد مولوی عبداللہ صاحب نے بٹالے پہنچ کر قادیان کا پتہ پوچھا۔ بتایا گیا کہ یہاں سے گیارہ میل کے فاصلہ پر ہے۔

بیعت کرنے کا واقعہ

1889ء میں جب حضور نے بیعت لینے کا اعلان فرمایا تو سنور کے نو آدمیوں نے اسی سال بیعت کی۔

چونکہ 1884ء سے حضور کا ذکر ہمارے گھروں میں رہتا تھا مجھے بچپن کے زمانہ میں ہی یہ خیال پیدا ہوگیا تھا کہ بیعت ضرور کرنی چاہئے خواہ کسی کی کرلی جائے جو یہاں قریب ہی ہو۔ اتنی دور قادیان کون جائے۔ چونکہ والد صاحب نے بیعت نہیں کی تھی اس واسطے چشتیہ خاندان کے ایک سید صاحب سے ارادت رکھتے تھے۔ میں بھی ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ میں نے جب بیعت کی درخواست کی۔ انہوں نے فرمایا۔ جب بالغ ہو جاؤ گے تو بیعت کر لینا اور وہ قوالی کی مجالس میں مجھے ساتھ لے جایا کرتے تھے۔ نماز تو وہ ضرور پڑھتے تھے۔ لیکن اکثر وقت چوسر۔ شطرنج۔ تاش کھیلتے رہتے تھے۔ ایک دن صبح کے وقت میں ان کی بیٹھک میں گیا۔ وہاں ان کے دو برادرزادے علی حسین اور علاؤ الدین بیٹھے تھے۔ پیر صاحب جن کا نام عبدالحق تھا وہ اندر گئے ہوئے تھے۔ ہم تینوں کھیلنے لگ گئے اور کھیلتے وقت ان دونوں نے حضرت مسیح موعود کا ذکر شروع کیا اور دریدہ دہنی اور گندہ زبانی سے آپ کو گالیاں دینے لگے۔ میں نے ان سے کہا کہ ہمارے خاندان کے کئی بزرگوں نے ان کی بیعت کی ہوئی ہے وہ نیک اور بزرگ ہیں۔ آپ سیدزادے ہیں اس لئے فحش کلامی سے احتراز کریں۔ پس پشت کسی کو گالیاں دینا شرافت سے بعید ہے۔ میں نے کہا۔ میں پیر صاحب سے ارادت رکھتا ہوں۔ اگر ان کو کوئی گالی دے تو مجھے کتنا برا لگے۔ مگر وہ باز نہ آئے اور پھر گالیاں دینی شروع کیں۔ میں نے منع کیا مگر انہوں نے تیسری بار پھر گالیاں دینی شروع کیں۔ اس پر مجھے غصہ آیا۔ میں نے ان دونوں کو مارنا شروع کیا۔ وہ مجھے مارنے لگے۔ شور پڑ گیا۔ پیر صاحب اندر سے تشریف لائے پوچھا کیا بات ہے۔ میں نے کہا۔ یہ حضرت مرزا صاحب کو گالیاں دیتے ہیں۔ گو وہ میرے پیر نہیں لیکن کسی کو پس پشت گالیاں نکالنا برا ہے۔ پیر صاحب نے اپنے بچوں کی طرفداری کی اور ان کو گالیوں سے منع نہ کیا۔ اس پر میں ناراض ہو کر چلا آیا اور گھر آکر پوسٹ کارڈ لے کر بیعت کا خط حضرت مسیح موعود کی خدمت میں لکھ دیا۔

والدہ صاحبہ کی بیعت کا واقعہ

حضرت مولوی محمد یوسف صاحب کو جن کا ذکر "ازالہ اوہام" میں ہے جب میری بیعت کا علم ہوا تو انہوں نے میری تربیت شروع کر دی۔ مجھے نمازوں میں ساتھ لے جاتے اور تہجد ساتھ پڑھاتے تھے۔ مولوی صاحب اس قدر رعب رکھتے تھے کہ قصبہ سنور میں چودہ مساجد تھیں اور وہ جس مسجد میں جاتے امامت کرا دیتے۔ لوگ ان کے اقتداء میں نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔ گھر میں والد صاحب کے ساتھ بھی حضرت مسیح موعود کا ذکر ہوتا تھا۔ ایک دن والدہ صاحبہ نے مجھ سے فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ میں بھی بیعت ہو جاؤں مگر مجھے خوف آتا ہے کہ تمہارے والد صاحب مجھ پر ناراض ہوں گے۔ میں نے والدہ صاحبہ سے عرض کیا کہ آپ والد صاحب سے دریافت کرلیں کہ قدرت اللہ نے جو عقیدہ اختیار کیا ہے اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ اس سے کیا سلوک کرے گا؟ والد صاحب یہ ضرور فرمائیں گے کہ اس عقیدہ کی وجہ سے یہ جہنم میں ضرور جاویں گے۔ آپ یہ عرض کر دینا کہ میرا ایک ہی بیٹا ہے اگر یہ جہنم میں گیا تو میں جنت میں جا کر کیا کروں گی۔ مجھے اجازت فرماویں کہ میں بیعت کرلوں تا کہ اس کے ساتھ ہی میرا حشر ہو جائے۔ والدہ صاحبہ نے جب والد صاحب کے سامنے یہ بات پیش کی تو وہ ہنس پڑے اور فرمایا اگر تم چاہتی ہو تو بے شک بیعت کر لو۔ میں نے قدرت اللہ کو بھی کچھ نہیں کہا۔ تم کو بھی کچھ نہیں کہتا چنانچہ والدہ صاحبہ نے مجھے اجازت دی۔ میں نے ان کی طرف سے بیعت کا خط لکھ دیا۔ اور وہ داخل سلسلہ ہو گئیں۔

دادا صاحب نے مشروط بیعت کر لی

میرے دادا صاحب زندہ تھے۔ میں نے ان کو دعوت الی اللہ کرنی شروع کی۔ اس وقت ان کی عمر قریباً سو سال تھی۔ مگر ان کے قویٰ بالکل صحیح و سالم تھے۔ انہوں نے فرمایا۔ میں تو لکھا پڑھا نہیں صرف قرآن شریف پڑھ سکتا ہوں۔ تمہارا والد مولوی ہے۔ اس نے بیعت نہیں کی۔ میں نے کہا۔ وہ ابھی تحقیق کر رہے ہیں۔ آپ بیعت کر لیں۔ انہوں نے فرمایا۔ میں مشروط بیعت کرنے کے لئے تیار ہوں۔ بیعت کا خط لکھ دو۔ لیکن میری طرف سے یہ شرط پیش کرنا کہ اگر حضرت مسیح علیہ السلام آسمان سے آ جائیں تو میں بیعت توڑ کر ان کی بیعت میں شامل ہو جاؤں گا۔ چنانچہ میں نے مشروط بیعت کا خط حضور کی خدمت میں لکھ دیا۔ جس کے جواب میں حضور نے تحریر فرمایا کہ اگر مسیح علیہ السلام آ جائیں تو سب سے پہلے میں بیعت کروں گا۔

عمدہ عادات اور اعلیٰ اخلاق کا اثر

چوہدری کریم بخش صاحب رائے پور کے نمبردار تھے جو ضلع املوہ (ریاست نابھہ) سے بیس میل کے فاصلہ پر تھا اور اولین رفقاء میں سے تھے۔ چونکہ برسوں سے قادیان آیا جایا کرتے تھے اور ہر سال ایک دو ماہ قادیان میں قیام فرماتے تھے اور حضرت مسیح موعود ان کو رہائش کے لئے اپنے مکان کے اندر جگہ دیا کرتے تھے ان کا چہرہ ایسا نورانی اور ان کے اخلاق ایسے پسندیدہ تھے کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ مہاراجہ نابھہ مسمّی ہیرا سنگھ صاحب جو بہت بوڑھے تھے جن کی عمر تقریباً 90 سال کی تھی اور وہ ضلعوں کا دورہ کرتے تھے۔ ایک دفعہ انہوں نے ساری ریاست نابھہ میں ہزار بارہ سو نمبرداروں کو بلایا۔ جب اجلاس ہو رہا تھا تو انہوں نے چوبدار کو بھیج کر چوہدری صاحب کو بلایا اور سوال کیا کہ میاں کریم بخش اس مجمع میں تین چار سو گورو کے لال سنگھ ایسے ہیں۔ دو چار سو ہندو صاحبان۔ ایسے ہی دو چار سو مسلمان۔ ان ہزار بارہ سو آدمیوں میں سرکار کو آپ کے اخلاق اور عادات کیوں اچھے لگتے ہیں۔ چوہدری صاحب نے عرض کیا۔ کہ حضور مجھے تو اپنی کسی خوبی کا علم نہیں۔ صرف یہ بات ضرور ہے کہ میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کا مرید ہوں اور وہ اس زمانہ کے لئے اوتار۔ گورو ہیں۔ میں ان کی صحبت میں رہ کر فیض حاصل کرتا رہا ہوں۔ مہاراجہ صاحب نے حاضرین سے مخاطب ہو کر فرمایا۔

"تھوڑی دیر ٹھہرو میں ابھی آیا" دو چوبداران کو سہارا دے کر لے جایا کرتے تھے ان کو بلا کر اپنے محل دیوان خانے میں تشریف لے جانے لگے وہ بیان کرتے ہیں کہ اور مجھے فرمایا۔ میاں کریم بخش تم میرے ساتھ آؤ۔ دیوان خانے کے اندر داخل ہو کر مجھے فرمانے لگے۔ یہ جو تصویریں لگی ہوئی ہیں ان کی طرف دیکھو۔ وہ ساری تصویریں گوروں کی تھیں۔ جس طرح دوسرے گوروؤں کی تصویریں شاندار چوکھٹوں میں لگی ہوئی تھیں اسی طرح حضرت کی تصویر بھی چوکھٹے میں لگی ہوئی تھی اور مجھ سے فرمایا کہ دیکھو میاں کریم بخش یہ تصویر پہلے سے ہمارے پاس ہے۔ یہ فرما کر مسند سفید پر بیٹھ گئے اور چوبدار کو باہر بھجوا دیا اور فرمایا۔ میرے حکم کے ساتھ تمہیں ایک رقم حضرت مرزا غلام احمد صاحب کے نذرانے کے لئے ملے گی اور تمہاری آمد و رفت اور خوراک کا خرچ علیحدہ ملے گا اور تمہارے ایام قیام اور واپسی تک کے لئے تمہیں کچی رسد ملے گی کچی رسد میں روزانہ آٹا چاول گھی گوشت مصالحہ سبزیات وغیرہ اس زمانہ میں ایک آدمی کیلئے دو روپے کی ہوتی تھی مجھے وہ روپیہ مل گیا اور ساتھ ہی مجھے ہدایت فرمائی کہ میری طرف سے درخواست کر کے حضرت صاحب کو ساتھ لے آویں۔ ان کی آمد و رفت کے اخراجات سب میں برداشت کروں گا۔ میں ضعیف العمر ہوں جا نہیں سکتا۔

میں نے قادیان جا کر وہ رقم حضور کو دے دی اور حضور کو مہاراج کا پیغام پہنچا دیا۔ حضور نے فرمایا کہ ان سے جا کر عرض کر دیں کہ "کنویں پیاسے کے پاس نہیں جایا کرتے بلکہ پیاسے کنوئیں کے پاس آیا کرتے ہیں۔" میں نے واپس نابھہ پہنچ کر مہاراجہ سے عرض کر دیا۔ فرمایا میاں کریم بخش صاحب، اگر ہم وہاں جاویں تو یہ انگریز ہمیں فوراً گدی سے اتار دیں۔

جن رئیسوں کے پاس میری ملازمت رہی۔ میں ان کو دعوت الی اللہ کرتا تھا اور یہ بتاتا تھا کہ حضرت اقدس کی دعائیں خدا قبول کرتا ہے۔ وہ بعض اوقات کسی مشکل میں ہوتے تو کہتے۔ اچھا خط لکھ دو دعا کے لئے۔ چنانچہ خط لکھا جاتا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے کامیابی ہوتی۔ اس سے ان پر یہ اثر ہو جاتا تھا کہ وہ بذات خود حضرت مصلح موعود کی خدمت میں سردیوں میں قادیان اور گرمیوں میں جس پہاڑ پر آپ ہوتے وہاں جا کر ملتے تھے۔ ایک سردار صاحب نے مجھے اپنا ایک خواب سنایا کہ میں حضرت صاحب کی خدمت میں

گیا ہوں۔ ملاقات کے دوران میں آپ نے مجھے دعوت دی جس کو میں نے منظور کرلیا۔ جس وقت کھانا میرے پاس آیا اس وقت اس میں بہت سے کھانے تھے۔ اس کی تعبیر دریافت کرو۔ میں نے حضور کی خدمت میں لکھ دیا۔ حضور نے جواب میں فرمایا۔ کہ مولوی صاحب آپ کے لئے دعا کراتے رہتے ہیں اور میں دعا کر دیتا ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو میری دعا سے مالی فراخی ملے گی۔

حضرت صاحب کی طرف دعا کا خط ڈالنے کا نیک نتیجہ

ایک دفعہ میں اور سردار نرنجن سنگھ لاہور میں کسی کام کی غرض سے آئے۔ اور لاہور سے قادیان حضرت صاحب کو ملنے کے لئے آئے وہاں پر حضور نے سردار صاحب سے کہا۔ آپ کا کھانا کہاں پکوایا جائے انہوں نے عرض کیا کہ میں تو مولوی صاحب کا جوٹھا کھا لیتا ہوں۔ مجھے پرہیز نہیں ہے۔ پھر حضور نے جو کھانے تیار کروائے وہ تمام کے تمام وہی تھے جو سردار صاحب کو خواب میں دکھائے گئے تھے۔ چنانچہ سردار صاحب نے عرض کیا۔ آپ کی یادداشت بڑی اچھی ہے۔ اتنا عرصہ ہوا جو آپ کو خط لکھے۔ لیکن آپ کو ابھی تک یاد ہے۔

سردار صاحب کی سردارنی بیمار تھی۔ علاج کے لئے کسولی لے جایا گیا۔ میں اور سردار صاحب بھی وہیں گئے ہوئے تھے۔ رات کو جب سردار صاحب زنانے سے میرے پاس آئے تو نہایت مغموم تھے۔ میں نے دریافت کیا کہ سردار صاحب! کیا بات ہے۔ آپ پریشان کیوں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کوئی بات نہیں۔ میں نے کہا۔ نہیں نہیں۔ آپ بتائیں کہ کیا بات ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مہاراجہ صاحب شملہ کی طرف گئے ہوئے ہیں اور کل دو بجے ان کی سپیشل ٹرین انبالہ چھاؤنی سے سیدھے بمبئی کی طرف سے ہو کر آ رہی ہے۔ ولایت جا رہے ہیں۔ ان کا سفر لمبا ہے کئی مہینے میں واپس آئیں گے۔ پرائیویٹ سیکرٹری مجھ سے کچھ ناراض ہیں وہ بعد میں مجھ کو سختی سے حاضر رکھیں گے۔ ایک تو میری بیوی بیمار ہے۔ مجھے ان کی خبر گیری کرنی پڑتی ہے۔ دوسرے جائیداد کے کاموں میں مجھے آپ کے ساتھ حصہ لینا پڑتا ہے۔

میں نے کہا۔ اس کا علاج تو ابھی کر دیتا ہوں۔ آپ ایک لفافہ کاغذ اور قلم لائیں میں حضرت صاحب کو خط لکھ دیتا ہوں۔ وہ یہ سن کر ہنس پڑے۔ کہا بڑی اچھی تجویز ہے خط تو تین دن میں قادیان پہنچے گا اور مہاراج کل چلے جاویں گے۔ اس خط کا کیا فائدہ ہوگا؟ میں نے عرض کیا ہمیں اس بات کا تجربہ ہے کہ بعض اوقات خط لکھ کر ڈالا گیا اور اس کا جواب آیا۔ لیکن وہ خط جس تاریخ کو پہنچا تھا اسی تاریخ کو جواب ہمارے پاس آ گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے خط کا علم آپ کو دے دیا۔ آپ نے اس کا جواب لکھا اور وہ ہمیں مل گیا۔ آپ تجربہ کرلیں۔ آپ لفافہ لائیں۔ ابھی ڈاک میں ڈال دیں اور کل اس کا اثر دیکھ لیں۔ ہم انبالہ چھاؤنی چلیں گے۔ آپ مہاراج سے رخصت لے لیں۔ خدا تعالیٰ نے چاہا تو منظور ہو جاوے گی۔ انہوں نے لفافہ لا کر دیا اور میں نے لیٹر بکس میں ڈال دیا۔

صبح ناشتہ کر کے ہم موٹر کے ذریعہ انبالہ پہنچ گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے عرض کیا کہ میں تھوڑی دیر کے لئے شہر جانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کیا کام ہے؟ میں نے کہا۔ کام پھر عرض کروں گا۔ میں جلدی واپس آ جاؤں گا۔ آپ گھبرائیں نہیں۔ انہوں نے بادلِ ناخواستہ مجھے اجازت دے دی۔ میں تانگہ لے کے بازار گیا۔ وہاں جا کر دریافت کیا کہ یہاں پر چنبیلی کا ہار ملے گا۔ دوکانداروں نے بتایا کہ شام کے پانچ بجے ہاروں والے چوک میں بیٹھتے ہیں اور وہاں سے لوگ خریدتے ہیں۔ میں تانگہ لے کر شہر میں ان کی تلاش میں گیا۔ وہ مل گئے۔ ایک پیسہ کو ہار فروخت کرتے تھے۔ ان کو کہا۔ ایک ایک آنے والے سولہ ہار بنا کر لاؤ انہوں نے بڑی خوشی سے تمام نے مل کر ہار بنا کر مجھے دے دیئے۔ میں نے بارہ ہار اپنے اوورکوٹ کی جیبوں میں ڈال لئے اور چار ہار علیحدہ رومال میں لپیٹ لئے۔ تانگہ میں سوار ہو کر سٹیشن پر آ گیا اور وہ ہار سردار صاحب کے پیش کئے اور عرض کیا کہ مہاراج اور مہارانی صاحبہ اور دو بچے ولایت جا رہے ہیں۔ یہ چاروں ہار ان کے گلے میں ڈال دیئے جاویں۔ سردار صاحب بہت خوش ہوئے اور میں نے عرض کر دیا کہ جب آپ گلے میں ہار ڈالیں تو اس وقت چھٹی کی درخواست پیش کر دیں۔

سردار صاحب وہ ہار لے کر پلیٹ فارم پر ٹہلنے لگ گئے۔ پٹیالے سے سب وزراء اور محکمہ فوج اور محکمہ نہر اور پولیس کے افسران آئے ہوئے تھے اور بہت ہجوم تھا۔ اس وقت یہ نئی بات تھی کہ ان کے ہاتھ میں ہار تھے اور کسی اہلکار کے پاس ہار نہیں تھے۔ ان میں سے کئی افسروں نے ہار مانگے اور کہا کہ ایک ہار دے دیں۔ انہوں نے انکار کر دیا۔

چیف جسٹس اور چیف انجینئر وہ میرے زیادہ واقف تھے وہ میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا کہ اپنے سردار صاحب سے ایک ہار ہمیں دلا دیں۔ میں نے عرض کیا۔ میں ہار کا انتظام کر دیتا ہوں لیکن مجھ سے ہار لے کر اپنی جیب میں ڈال لیں ورنہ سردار صاحب مجھ سے ناراض ہوں گے کہ آپ نے ہار دیئے ہیں۔ انہوں نے وہ ہار لے کر (چیف جسٹس سے) فرمایا۔ عمر قید اور پھانسی کے مقدمات میری منظوری سے ہوتے ہیں جہاں آپ سفارش کریں گے میں ان سے رحم کی درخواست پر سرکار سے منظوری کرا دوں گا۔ چیف انجینئر صاحب نے فرمایا جس گاؤں کے لئے جتنا پانی آپ کو درکار ہوگا میں دوں گا۔ ان کے باہر جانے سے دوسرے اہلکاروں کو پتہ چل گیا اور اس طرح بارہ وہاں اہلکاروں کو دے دیئے۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ بعد میں وہ افسر میری بہت عزت کرتے تھے۔ جب ان سے کوئی کام پڑتا فوراً کر دیتے۔

سپیشل آئی۔ ہجوم بہت تھا اور تاکی کے ساتھ دھکا پڑتا تھا۔ لوگ دور سے سلام کر کے گزر جاتے۔ ان کے ہاتھ چونکہ ہار تھے میں نے اور تین آدمیوں نے مل کر سردار صاحب کو تاکی تک پہنچا دیا۔ انہوں نے ہار گلے میں ڈال کر عرض کیا کہ میری بیوی بیمار ہے اور کئی جائیداد کے کام ہیں سرکار مجھے اپنی واپسی تک کی رخصت دے جائیں۔ مہاراجہ صاحب نے اپنے پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کو آواز دی۔ رفیق۔ رفیق پرائیویٹ سیکرٹری آگے بڑھے۔ مہاراجہ صاحب نے تاکی سے سردار صاحب کی طرف ہاتھ بڑھایا اور پرائیویٹ سیکرٹری کو فرمایا میں نے واپسی تک ان کی رخصت منظور کی ہے۔ سردار صاحب خوشی خوشی واپس آ گئے۔

نصرت الٰہی کا نشان

1953ء میں جب میں ناصر آباد (سندھ) میں کام کر رہا تھا اس وقت ساری مذہبی پارٹیاں ہمارے خلاف ہو گئیں اور پھر حکومت بھی خلاف ہو گئی۔ اس وقت برخوردار مسعود احمد بھی لاہور میں کام کرتا تھا۔ اکبری منڈی میں دوکان تھی۔ آسٹریلیا بلڈنگ میں ایک سو ستر روپیہ پر نچلا حصہ کرایہ پر تھا۔ اس مکان کے مالک آسٹریلی بلڈنگ والے خاندان کے ممبر تھے۔ میں چونکہ اس وقت سندھ میں تھا ناصر آباد کا مینیجر لگا ہوا تھا۔ میں نے خواب میں مسعود احمد کو دیکھا جو کہ نہایت پریشان حالت میں۔ اور کہتا تھا کہ ابا جان! آج ہم مہاجر بن گئے اس وقت دوکان کا قرضہ دو لاکھ کے قریب بازار کے ذمہ تھا اور گودام میں جو مکان کے ساتھ تھا ستر ہزار کا مال پڑا ہوا تھا۔ اس نے کہا۔ آج ہمارے پاس کچھ نہیں رہا آج مہاجر ہو گئے۔

اس خواب کے ذریعہ مجھے پریشانی ہو گئی۔ میں نے صدقہ بھی دیا اور دعا بھی کی اور مسعود احمد کو خط لکھا کہ تمہارے گھر میں کوئی بچہ پیدا ہونے کی تو امید نہیں ہے؟ اس نے جواب دیا کہ نہیں۔ میں نے اس غرض سے دریافت کیا تھا کہ اگر پیدا ہونے والی لڑکی ہو تو چونکہ لڑکی جہیز میں کچھ لے جاتی ہے۔ میں نے سمجھا کہ یہ خواب اس طرح بھی پورا ہو سکتا ہے۔ جب اس نے مجھے یہ جواب دے دیا۔ ادھر خطرات بڑھ رہے تھے۔ میں نے دعائیں شروع کر رکھی تھیں۔ چنانچہ مارکیٹ میں جو دکان تھی خطرہ پیدا ہوا کہ لوٹ لی جاوے گی۔ تو مسعود احمد صاحب اپنے کھاتے جات کو گھر لے آئے۔ اور دکان بند کر دی۔ ان کا دوکان پر آنا جانا بھی بند ہو گیا۔

دوکان کو ابھی دو تین دن بند ہوئے گزرے تھے کہ شریروں نے دوکان کے تالے توڑ پھوڑ کر جلا دی اور سمجھا کہ بازار میں جو حساب تھے وہ کاپیاں حساب کی بھی جل گئی ہوں گی اور وہ بھی نہیں لے سکیں گے۔ مکان کی بھی یہی حالت تھی کہ جرنیلی سڑک پر فٹ پاتھ کے قریب کوچے میں دروازہ تھا۔ دن میں دو دو تین تین دفعہ ہزار ہزار آدمی سڑک پر پہنچ کر گالیاں دیتے تھے لیکن کوچے کا دروازہ نہیں توڑتے تھے اور آپس میں کہتے تھے کہ اندر صرف دو آدمی ہیں اور ان کے پاس اسلحہ ہے۔ جتنے کارتوس ہوں گے اتنے یہ مار سکتے ہیں۔ نکلنے کے بعد پھر ان کو قابو کیا جا سکتا ہے۔

جب یہ حالت ہو گئی۔ تو مسعود نے اپنی بیوی سے یہ بات کہی کہ مالک مکان کی بیوی سے جا کر کہو کہ ہمارا ستر ہزار کا مال آپ کے مکان میں پڑا ہے۔ ہم یہ سامان آپ کے سپرد کرتے ہیں۔ براہ مہربانی اپنی موٹر میں ہمیں پولیس لائن تک پہنچا دیں۔ ان کی بیوی نے اپنے خاوند سے جا کر دریافت کیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ جماعت کے سب لوگوں کے لئے تاریخ مقرر ہے۔ اس دن یہ سب قتل ہو جاویں گے میں اپنی بیس ہزار کی موٹر کیسے تڑوا لوں۔

یہ جواب سن کر جب وہ واپس آئی اور مسعود احمد کو بتایا تو مسعود احمد صاحب خود مالک مکان کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ آپ کو جو کہتے ہیں کہ ساری جماعت کے لوگ قتل ہو جائیں گے۔ یہ بالکل غلط بات ہے۔ خدانخواستہ چند آدمی شہید ہو جائیں تو ہو جائیں۔ باقی آپ کا یہ خیال غلط ہے۔ اگر آپ مہربانی کرتے تو ہم یہ سب سامان آپ کے پاس چھوڑ کر چلے جاتے۔ مگر انہوں نے حامی نہ بھری۔ یہ واپس اپنے مکان میں آ گئے۔

ایک رات گزری تھی کہ صبح کو قریشی محمد اقبال صاحب پولیس لائن موٹر لے کر وہاں پہنچے اور ان کی موٹر کے آگے پیچھے دو مشین گنوں والی موٹریں تھیں اور انہوں نے آ کر کہا کہ فوراً جلدی جلدی چلے آؤ۔ مکان کو اسی طرح رہنے دو۔ کوئی سامان زیور کچھ نہیں لیا صرف چار جوڑے کپڑوں کے رکھے اور وہاں سے چلے گئے۔ پولیس لائن جا کر مجھے خط لکھ دیا کہ آج ہمارے پاس صرف چار جوڑے کپڑوں کے رہ گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت کاملہ سے ان کو پولیس لائن میں گئے ابھی دو دن ہی ہوئے تھے کہ مارشل لاء لگ گیا اور فوج نے حکومت سنبھال لی۔ خطرہ کے دور ہوتے ہی مسعود احمد صاحب واپس اپنے گھر چلے گئے۔ تو سارا سامان بدستور پڑا تھا۔ چار پانچ روز کے بعد جب بازار میں امن ہو گیا۔ تو ہم نے دوکان کھولی۔ جن جن لوگوں کے پاس روپیہ تھا۔ ان سے مطالبہ کیا۔ تو انہوں نے یہی کہا کہ ہمیں بہی کھاتہ دکھاؤ۔ ان کو کہہ دیا گیا کہ آؤ دیکھ لو۔ بہی کھاتہ دیکھ کر لوگ حیران تھے کہ دوکان تو ساری جلا دی گئی تھی یہ بہی کھاتہ کہاں پڑا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے دکان بھی بچا دی مکان بھی اور جان بھی محفوظ رکھ لی۔ اس واقعہ کا اثر مالک مکان پر ایسا ہوا کہ انہوں نے سلسلہ کی کتابیں دیکھنی شروع کر دیں اور اپنے خاندان کے لوگوں کو احمدیوں سے ملایا کرتے تھے۔

(تجلی قدرت)

☆☆☆

م۔م۔کرامت

ماضی کی یادوں کا خزانہ

ان بزرگوں کی یاد ہی میری زندگی کا قیمتی سرمایہ ہے

زندگی ایک کتاب ہے جس سے جس نے جتنا بھی اکتساب کیا زندگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ نعمت ہے جسے ہرانسان اپنے اپنے سلیقے اور قرینے سے گزارنے کی کوشش کرتا ہے۔عمر کے وہ ادوار وہ حصے جو گزرتے جاتے ہیں۔اچھی یا بری یادوں کی صورت جمع ہوتے رہتے ہیں۔اچھی یادوں کے بیش بہا خزانے ہی انسان کا اثاثہ اوراس کا سرمایہ حیات ہوتے ہیں۔آج جب بھی میں اپنی یادوں کا خزانہ کھول کر بیٹھتی ہوں تو میرا پورا وجود ان سچے موتیوں کی چمک سے جگمگا اٹھتا ہے۔ہاں! وہ سچے موتی میرے بزرگ وہ مقدس عظیم اور پُر شفقت ہستیاں جن کی دعاؤں نے میرے وجود کو معتبر کیا۔اللہ تعالیٰ انہیں اس دنیا و آخرت میں جزائے خیر عطا فرمائے اور اپنا قرب خاص عطا فرمائے۔(آمین)

اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و احسان ہے کہ میں اور میرے شوہر منصور کرامت صاحب ننھیال اور ددھیال دونوں طرف سے حضرت مسیح موعود کے رفقاء کی اولاد میں سے ہیں۔یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر اتنا بڑا احسان ہے کہ ہم جتنا بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں وہ کم ہے۔میرے والد مکرم شیخ مسعود احمد رشید صاحب حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت صوفی مولا بخش صاحب کے صاحبزادے اور میری والدہ محترمہ حمیدہ خانم صاحبہ حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت خان بہادر غلام محمد صاحب آف گلگت کی صاحبزادی تھیں۔اسی طرح میرے میاں مکرم منصور کرامت صاحب کے والد محترم محمد کرامت اللہ صاحب حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت بابو اکبر علی صاحب آف سٹار ہوزری قادیان کے صاحبزادے اور والدہ محترمہ آمنہ کرامت صاحبہ حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت ملک مولا بخش صاحب آف امرتسر کی صاحبزادی تھیں۔میری ساس آمنہ کرامت صاحبہ کا بچپن سے ہی جماعت سے پختہ تعلق تھا۔کراچی کی صدر لجنہ اماءاللہ کے فرائض بھی سرانجام دیئے۔کافی عرصہ تک گھر پر نماز باجماعت، اجلاسات اور درس القرآن کا اہتمام ہوتا رہا اور بچپن ہی سے وہ کسی نہ کسی جماعتی عہدہ کی ذمہ داری سنبھالتی رہیں۔

بچپن کی یادوں میں بعض واقعات مدہم مدہم روشن ہیں۔پارٹیشن سے پہلے والد صاحب کے ٹرانسفر آرڈر ایران کے لئے آئے۔ہم دو بہنوں اور سات بھائیوں کے لئے گرم کپڑوں کی تیاری کے لئے صبح شام درزی بٹھائے گئے۔انتہائی پُر رونق ماحول تھا۔پھر والد صاحب کی پوسٹنگ ایران کی بجائے ملتان ہو گئی۔اس زمانے میں ڈیرہ غازی خان سے ملتان جانے کے لئے دریا ایک بڑے پانی کے جہاز کے ذریعہ سے عبور کیا جاتا تھا۔ہم سب کے لئے یہ ایک پُر لطف اور حیران کن تجربہ تھا۔ایک بڑے جہاز میں ہماری موٹر کار تمام سامان اور مسافر سوار تھے۔ملتان کی خوبصورت کینال کالونی کے ایک بنگلے میں ہمارا قیام ہوا اور ملتان کے سیکرٹ ہارٹ کانونٹ میں میرا اور میری بہن فہمیدہ کا داخلہ ہوگیا۔یہ بھی ایک نئی دنیا تھی۔بیلجیئم کی nuns یہ سکول چلا رہی تھیں۔ایک وسیع رقبہ میں ہوسٹل، کھیل کا میدان اور اسمبلی ہال وغیرہ تھے۔پھولوں، پودوں اور ہمہ اقسام کے درختوں کی رنگ و خوشبو سے یہ چھوٹی سی بستی ایک خوبصورت نظارہ پیش کرتی تھی۔ہر رنگ، مذہب اور نسل کے طالب علم یہاں تعلیم حاصل کررہے تھے۔نیا ماحول، نیا طرز تعلیم، لب و لہجہ غرضیکہ اس ادارہ نے میری آئندہ آنے والی عملی زندگی کے نقش و نگار بنانے شروع کردیئے۔

پارٹیشن سے پہلے ملتان ایک چھوٹا خوبصورت اور صاف ستھرا شہر تھا۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ میرا بچپن اور نوعمری کا زمانہ بہت مقدس اور معتبر لوگوں کے درمیان گزرا۔ہمسائیگی میں مکرم محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کی رہائش گاہ تھی۔کچھ فاصلے پر حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب کا بنگلہ تھا اور ان کے نزدیک محترم پیر صلاح الدین صاحب کی رہائش تھی۔محترم ملک عمر علی کھوکھر صاحب کا شمار ملتان کے باا ثر زمینداروں میں ہوتا تھا۔جن سے میرے والد صاحب کے بہت قریبی برادرانہ تعلقات تھے۔ملتان میں ہی مکرم چوہدری محمد حسین صاحب قیام پذیر تھے جن کے سعادت مند اور نامور بیٹے مکرم پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام نے نوبیل انعام حاصل کرکے نہ صرف جماعت احمدیہ بلکہ ملک و ملت کا نام روشن کیا۔ان نامور اور پُر اثر بابرکت ہستیوں سے میری بچپن کی یادیں وابستہ ہیں۔روزانہ ملاقات ہوتی۔نمازیں باجماعت ادا کی جاتیں۔

لجنہ اماءاللہ کی صدر بیگم صاحبہ حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب تھیں۔محترمہ روحی صاحبہ (بیگم محترم سید ناصر صاحب) جن سے میری دوستی کی ابتداء یہیں ہوئی۔محترم سید ناصر صاحب مرحوم میرے میاں کے کلاس فیلو تھے۔قادیان سے پرانا دوستی کا تعلق تھا۔دونوں میاں بیوی اعلیٰ صفات، عمدہ اخلاق اور اعلیٰ قدروں کے حامل تھے۔ان کی اولاد بھی ان تمام صفات اخلاق اور قدروں سے آراستہ ہے۔لجنہ کے اجلاسوں میں اکثر خاندان مسیح موعود کے افراد سے ملاقات کی سعادت نصیب ہوتی۔ان یادوں میں محترمہ صاحبزادی امتہ الباسط صاحبہ (آپا باچھی) اور محترمہ صاحبزادی امتہ الحکیم صاحبہ (آپا حکمی) سے ملنا خاص طور پر یاد ہے۔اس زمانے کا ماحول دینی تعلیم و تربیت سے آراستہ تھا۔گھروں میں بچوں کو قرآن شریف پڑھانے کا انتظام تھا۔عشاء کی نماز باجماعت باری باری سب کے گھر پر ہوتی۔محترم چوہدری محمد حسین صاحب روزانہ تشریف لاتے۔رمضان کے بابرکت ایام میں آپ درس القرآن بھی دیتے تھے۔بچوں کو دینی اور اخلاقی تعلیمات سے آگاہ کرتے۔برسوں بعد جب میرے میاں اور میں انگلینڈ قیام پذیر ہوئے۔تب بھی آپ نے محبت و شفقت کا تعلق قائم رکھا۔میرے بیٹے منور کرامت کی پیدائش کے متعلق خواب دیکھا (میرے میاں بغرض تعلیم و بزنس انگلینڈ گئے اور بریڈفورڈ میں امیر جماعت احمدیہ رہے) ان کا وہ خط آج تک میرے پاس محفوظ ہے۔آپ بھی مع بیگم صاحبہ کے انگلینڈ میں اپنے بیٹے پروفیسر عبدالسلام کے پاس قیام رکھتے تھے۔

غالباً 1945ء میں والدہ صاحبہ بیگم مسعود رشید صدر لجنہ منتخب ہوئیں اور ہمارے گھر درس القرآن اور اجلاسات کا روح پرور سلسلہ جاری ہوا۔جماعت کی نامور اور مقدس ہستیوں سے ملنا ملانا ایک خواب کی طرح آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔قیام پاکستان سے قبل والد صاحب کا تبادلہ لاہور ہوگیا۔ہمارا قیام گورنمنٹ آفیسرز کالونی G.O.R میں ہوا۔جہاں بڑے بنگلوں کے ساتھ وسیع باغ و باغیچے اپنی رونق آپ تھے۔یہاں زیادہ تر آفیسرز ہندو اور انگریز تھے۔والد صاحب کے علاوہ تین اور آفیسرز .... تھے۔گرمیوں میں تمام دفاتر شملہ منتقل ہوجاتے۔ایک ایسی ہی یاد جب ہمارا سارا سامان شملہ پہنچ گیا۔مگر والد صاحب کو آرڈر آگئے کہ آپ لاہور میں ہی رہیں۔تو ہم سب کے منہ لٹک گئے۔آہستہ آہستہ G.O.R سے تمام انگریز چلے گئے۔حالات نے ایک نیا رخ اختیار کیا۔کشت و خون اور قتل و غارت گیری کی دلخراش خبریں پہنچنے لگیں۔انڈیا سے واہگہ بارڈر پر مسلمانوں کے لٹے پٹے قافلے پہنچے۔پاک سرزمین کے لئے قربانی دینے والوں کی عظیم داستانیں رقم ہونے لگیں۔ہمارا گھر مہینوں ان قافلوں کی آمد سے ایک پناہ گاہ کی صورت اختیار کرگیا۔قادیان اور انڈیا کے مختلف شہروں سے نزدیک و دور کے عزیز برے حالوں سے وطن پاک کو پہنچ کر اس کی مٹی کو چومتے رہے۔جیسے جیسے رہائش کا انتظام ہوتا گیا وہ ایک نئے عزم کے ساتھ نئی زندگی سے نبرد آزما ہونے کے لئے تیار ہوتے گئے۔ہمارا گھر ایک لمبے عرصہ تک مہمان نوازی کے فرائض سرانجام دیتا رہا۔انہی دنوں رتن باغ ہماری بھرپور توجہ کا مرکز بن گیا۔خاندان مسیح موعود کے افراد کی آمد اور خصوصی طور پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی آمد سے رتن باغ جماعت کا مرکز بن گیا۔ہماری خوش قسمتی کہ خاندان مسیح موعود اور جماعت کی نامور مقدس ہستیوں سے ملنے کی سعادت نصیب ہوئی۔اکثر شام میں حضرت نواب عبداللہ خان صاحب کے خاندان کے ساتھ گزرتیں۔محترم نواب صاحب کے والد صاحب سے بہت قریبی برادرانہ تعلقات تھے۔رتن باغ کے نچلے حصے میں ان کا قیام تھا۔میرے کانوں میں اس آواز کی مٹھاس اب بھی زندہ ہے۔جب حضرت اماں جان والدہ صاحبہ کو دیکھ کر مسعود کی بیوی کہہ کر بلاتیں۔حضرت اماں جان کا وجود انتہائی پُرسکون، تر و تازہ پُر اثر شخصیت کا حامل تھا۔وہ ہم دونوں بہنوں سے انتہائی بے تکلفی سے اور پیار سے مخاطب ہوتیں مگر ہم ان کی شخصیت اور مقام سے مرعوب ہوکر بات نہ کرپاتے۔مجھے یاد ہے جب منصور کرامت صاحب سے میرا رشتہ طے ہوا تب رتن باغ کی ایک ملاقات میں مجھے بلا کر بہت دعائیں دیں کہ یہ آمنہ کرامت کی بہو بن رہی ہے۔میرے خسر صاحب اور ساس صاحبہ سے محبت و تعلق کی بنیاد یہ تھی کہ یہ حضرت بابو اکبر علی صاحب کی اولاد ہیں۔اللہ تعالیٰ کا خاص فضل اور ہماری خوش قسمتی ہے کہ ان مقدس ہستیوں سے ہمارا تعلق ہوا اور ہم ان کی دعاؤں کے وارث بنے۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے میرا اور منصور کرامت صاحب کا نکاح پڑھایا اور گواہوں میں حضرت مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) بھی تھے۔کچھ عرصہ بعد حضور مع بیگم صاحبہ۔حضرت صاحبزادہ میاں مبارک احمد صاحب مع بیگم صاحبہ ہمارے گھر بمقام بریڈفورڈ تشریف لائے اور قیام فرمایا۔میرے بیٹے منور کرامت سے بہت پیار کرتے تھے کہ وہ ان کے کلاس فیلو کرامت اللہ کا پوتا ہے۔دادا کی باتیں بچوں سے کرکے بہت خوش ہوتے۔حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ اور حضرت سیدہ امتہ الحفیظ صاحبہ سے بھی بہت محبت و شفقت اور دعاؤں کا تعلق رہا تھا۔

پھر حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ، حضرت سیدہ مہر آپا صاحبہ سے بھی قریبی شفقت اور اخلاص کا تعلق تھا۔جس میں عمر کا فرق کوئی حیثیت نہیں رکھتا تھا۔اللہ کرے ہماری نسلیں اس تعلق کو تاحیات قائم رکھیں۔(آمین) حضرت چوہدری سر ظفراللہ خاں صاحب کے اعزاز میں میرے میاں نے بریڈفورڈ میں ایک تقریب منعقد کی۔جس میں بریڈفورڈ کی نمایاں شخصیات کو مدعو کیا گیا۔ہماری بیٹیوں ملیحہ اور مدیحہ نے اپنی سکول ٹیچرز کا تعارف کروایا۔اتنی عظیم ہستی میں کس قدر انکساری اور سادگی نمایاں تھی۔ایک صبح میں نے اپنے میاں کو خواب سنائی۔کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ہمارے گھر تشریف لائے ہیں۔ان کے ساتھ تین اور اشخاص ہیں ان میں سے ایک نے کالی شیروانی پہنی ہوئی ہے اور ہمارے گھر میں بہترین چاول کا زردہ بنا ہوا ہے۔اسی دن دوپہر کو لندن سے اچانک حضرت قدرت اللہ سنوری صاحب، محترم امام بشیر احمد رفیق صاحب جنہوں نے کالی شیروانی پہن رکھی تھی دو اور صاحبان کے ساتھ ہمارے گھر تشریف لائے۔میں نے ان سے خواب کا ذکر کیا تو بہت خوشی کا اظہار کیا۔

(باقی صفحہ 6)

مکرم احمد جواد مخدوم صاحب بھیروی

بچپن میں حضرت مصلح موعود کی زیارت اور جوانی میں حضور کے خطاب کا روح پرور تذکرہ

میرا راہوار خیال اپنی پوری برق رفتاری سے پرواز کرتا ہوا، زمانہ کی قیود وحدود کو عبور کرتا ہوا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے مولد و مسکن برصغیر پاک و ہند کے قدیم اور تاریخی شہر بھیرہ میں 26 نومبر 1950ء کی اس مبارک ساعت تک جا پہنچا جب حضرت مصلح موعود کے قدوم میمنت لزوم نے اس سرزمین کو شرف قدم بوسی بخشا۔ اس روز حضرت صاحب کے استقبال و زیارت کے لئے اباجان محترم مخدوم بشیر احمد صاحب علیگ مجھے اپنے ہمراہ لے کر بیت نور کی جانب گامزن ہوئے۔ اس وقت خاکسار راقم الحروف گلشن حیات کی چھٹی بہار سے لطف اندوز ہو رہا تھا اور اس وقت کے حالات میرے ذہن کے افق پر خواب کی طرح محفوظ ہیں۔ چنانچہ ذاتی مشاہدہ اور معتبر روایات کی روشنی میں حالات ہدیہ قارئین کئے جاتے ہیں۔

حضرت مصلح موعود کے فقید المثال استقبال کے لئے احمدی احباب کے علاوہ غیر از جماعت احباب بھی انبوہ کثیر کی صورت میں آئے ہوئے تھے اور جملہ احباب حضرت صاحب کی زیارت کے لئے بیتاب نظر آرہے تھے۔

چونکہ بیت نور شہر کی ایک تنگ گلی میں واقع ہے اس لئے جملہ احباب حضرت صاحب کی زیارت کے لئے شیر شاہ سوری کے تعمیر کردہ ملتانی گیٹ المعروف لالو والا دروازہ کے قریب جمع تھے اور اس وقت کے امیر جماعت احمدیہ بھیرہ محترم مخدوم محمد ایوب صاحب بی اے (علیگ) احمدیت کے پروانوں کے ہمراہ حضرت صاحب کے فقید المثال استقبال کے لئے موجود تھے۔ حضرت صاحب جونہی کار سے باہر تشریف لائے تو سرزمین بھیرہ نعرہ ہائے مسرت سے گونج اٹھی۔ حضور نے ماموں جان مرحوم کو (یہ میرے پھوپھا تھے اور والدہ صاحبہ کے ماموں ہونے کے ناطے ہم انہیں ماموں جان ہی کہتے تھے) کو از راہ شفقت مصافحہ اور معانقہ کا شرف بخشا اور حضور جملہ احباب کی معیت میں بیت نور کی جانب پیش قدمی فرمائی۔ بیت النور کی اوپر والی منزل پر حضرت صاحب نے کتبہ نصب فرمایا اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے کمرہ پیدائش میں نوافل ادا کئے۔ بعد ازاں حضور امیر جماعت احمدیہ بھیرہ و انبوہ کثیر کے ہمراہ بیت فضل تشریف لائے۔ یہ بیت بھیرہ شہر کے اردگرد بنی ہوئی گول سڑک (عرف ہاضمہ روڈ) بر محلہ احمدیہ اور محلہ پراچگان کے درمیان واقع ہے۔

اس وقت اباجان مرحوم مجھے میری کم سنی اور سیکیورٹی کے پیش نظر میری والدہ صاحبہ مرحومہ کے پاس حلقہ مستورات میں چھوڑ آئے جہاں احمدی مستورات کے علاوہ متعدد غیر احمدی خواتین بھی موجود تھیں۔ وہاں پر ہر خاتون اور طفل حضرت صاحب کی زیارت کے لئے خواہاں و کوشاں تھا۔ مگر پروانوں کے جھرمٹ میں وہ لعل بے بہا اس قدر دُرمکنون تھے کہ عاجز راقم الحروف کی حتی المقدور طفلانہ کوششوں کے باوجود حضرت صاحب کی ایک لحظہ زیارت سے بھی مستفیض نہ ہو سکا۔ چنانچہ حضور کی زیارت کی حسرت دل کے نہاں خانہ میں چھپائے رزم گاہ حیات میں رواں دواں رہا مگر پُرامید تھا کہ ان لمحات حسرت آیات کی ایک دن ضرور تلافی مافات ہوگی۔

آخر بارگاہ ایزدی سے قدرت نمائی کا ظہور ہوا اور تکمیل آرزو کا سبب بن گیا۔ خاکسار تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں سال اول کا طالب علم تھا اور فضل عمر ہوسٹل میں رہائش پذیر تھا کہ ستمبر اکتوبر میں ملک کے طول و عرض میں ملیریا بخار وبا کی صورت میں پھوٹ پڑا اور بلائے ناگہانی کی طرح مجھے بھی اپنے پنجہ استبداد میں دبوچ لیا۔ ہنوز صحت یاب بھی نہ ہونے پایا تھا کہ اجتماع خدام الاحمدیہ کا چرچا برپا ہوگیا۔ اپنی علالت کی بنا پر چھٹی کے لئے درخواست دی مگر بے سود۔ اجتماع کے ابتدائی دو دن گرتے پڑتے گزر گئے۔

اختتامی دن کا سپیدۂ سحر اپنے دامن میں میرے لئے مژدہ جانفزا سمیٹ لایا۔ جب انتظامیہ نے حضرت صاحب کی غیر متوقع تشریف آوری کا اعلان کیا تو میرے دل کی کلی کھل اٹھی۔ یوں محسوس ہوا کہ بارگاہ ایزدی میں میری روح کی کوک اور دل کی ہوک نے شرف قبولیت حاصل کر لیا ہے۔ آج سیدنا محمود اپنے کم سن ایاز کی کٹیا میں قدم رنجہ فرما رہے تھے اور پیارے آقا از راہ شفقت و دلداری اپنے شائق دیدار خادم کو شرف زیارت بخشنے والے تھے۔ ع

این سعادت بزور بازو نیست

جب حضور نے اپنے خطاب کا آغاز فرمایا تو محفل کا رنگ ہی بدل گیا۔ سب بزرگ و خورد اس بحر کے شناور تھے صرف خاکسار ہی ایک ناآموز اس کوچۂ عشق سے ناآشنا، نابلد محض اور نووارد تھا۔ جب ساقی مقدس نے اپنے دست مبارک سے مئے عشق کے جام پلانے شروع کئے تو ہر ایک نے اپنے ظرف کے مطابق ہاتھ بڑھائے اور کرخم خانہ عشق کی رونق کو دوبالا کرنے لگا اور والہانہ دینی نعرہ ہائے مسرت اس پر شاہد ناطق تھے۔ یوں محسوس ہو رہا تھا کہ وقت تھم گیا ہے اور نور کی برکھا برس رہی ہے اور ہر سو ملکوتی حسن بکھر گیا ہے۔ آج تو ساقی اپنے مشیر خم خانہ (حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب) کی درخواست عاجزانہ کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے اپنے مریدان باوفا اور فدایان باصفا کو اپنی واردات قلبی کے سِرِّ نہاں اور سربستہ رازوں کی پردہ کشائی کر رہا تھا اور پرانے اور نئے بادہ خوار معرفت اور حکمت کے در بے بہا سمیٹنے میں محو تھے۔

